ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔ 02199212639

رمضان المبارک سیکیورٹی/ٹریفک اقدامات کے حوالے سے اہم اجلاس۔

کراچی پولیس کو 350 نئی موٹر سائیکلیں دینے کا اعلان۔

جرائم سے متاثرہ علاقوں میں مخصوص مقامات پر ڈپلائمنٹ پوائنٹس بنائے جائیں۔آئی جی سندھ

کراچی 16 مئی 2018ء:۔

آئی جی سندھ اے ڈی خواجہ کی زیر صدارت رمضان المبارک سیکیورٹی/ٹریفک اقدامات پر ایک اہم اجلاس ہوا۔اجلاس میں ایڈیشنل آئی جی کراچی مشتاق احمد مہر کے علاوہ سندھ کی تمام پولیس رینج کے ڈی آئی جیز نے شرکت کی۔

آئی جی سندھ نے ہدایات دیں کہ گذشتہ رمضان المبارک کے واقعات کو پیش نظر رکھ کر یوم علیؓ،یوم القدس اور طاق راتوں سمیت محافل شبینہ، واعظ وغیرہ کے مواقعوں پر سیکیورٹی کے تمام تر اقدامات کو غیر معمولی بنایا جائے جبکہ مجموعی امور میں حفاظت خود اختیاری اقدامات پر عمل درآمد کو ہر سطح پر یقینی بنایا جائے۔

انہوں نے تمام ڈی آئی جیز کو احکامات دیئے کہ متعلقہ سپروائزری افسران کو پابند بنایا جائے کہ وہ نماز تراویح کے آغاز تا اختتام کی لمحہ بہ لمحہ رپورٹس اے آئی جی آپریشنز کو لازمی طور پر نوٹ کرائیں گے۔انہوں نے کہا کہ متعلقہ ماکیٹ ایسوسی ایشنز کو اعتماد میں لیکر انکی تجاویز اور مشاورت کے تحت نشاندہی کئے جانیوالے پوائنٹس پر سیکیورٹی ڈپلائمنٹ کو نا صرف یقینی بنایا جائے بلکہ تمام مرکزی و دیگر شاپنگ سینٹرز بچت بازاروں سپر اسٹورز فروٹ/سبزی منڈی سمیت تمام صنعتی زونز لین دین و کاروباری مراکز پر بھی نمایاں پولیس ڈپلائمنٹ کے علاوہ پکٹنگ،اسنیپ چیکنگ،پیٹرولنگ اور ناکہ بندی جیسے اقدامات کو ہر سطح پر غیر معمولی بنایا جائے۔

انہوں نے ہدایات دیں کہ کرائم انالیسز کے تحت مختلف نوعیت اور بالخصوص اسٹریٹ کرائمز سے متاثرہ علاقوں میں مخصوص پوائنٹس بنا کر افطاری سے قبل اور نماز تراویح کے بعد تک پکٹنگ،پیٹرولنگ اور اسنیپ چیکنگ پر خصوصی فوکس رکھا جائے۔اس موقع پر آئی جی سندھ نے 350 نئی موٹر سائیکلیں کراچی پولیس کے ڈسپوزل پر دینے کا بھی اعلان کیا۔

اجلاس کے دوران انہوں نے حیدرآباد،شہید بینظیر آباد،سکھر،میرپورخاص اور لاڑکانہ پولیس رینج کے ڈی آئی جیز کو ہدایات دیں کہ نیشنل ہائی وے سمیت دیگر تمام ہائی ویز پر سفر کو محفوظ بنانے کیلئے پولیس گشت،پکٹنگ اور ناکہ بندی کے تحت کڑی نگرانی اور چیکنگ کے عمل کو مزید ٹھوس اور غیر معمولی بنایا جائے۔

اجلاس کے اختتام پر انہوں نے تمام ضلعی ایس ایس پیز کو ہدایات دیں کہ سیکیورٹی فرائض پر مامور تمام افسران اور جوانوں کی سحری اور افطاری کے جملہ انتظامات کو انکے ڈیوٹی پوائنٹس پر ہی یقینی بنایا جائے تاہم اس حوالے سے سیکیورٹی کے مجموعی اقدامات کو بھی نا صرف ممکن بنایا جائے بلکہ اس سلسلے میں تعینات اہلکاروں کو برفنگ بھی دی جائے۔